Session 9th
No 25
Date 18/8/2025
Department Local Govt

## جناب سپیکر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

## تحریک استحقاق

جناب عالی۔

آپ کی توجہ ایک نہایت ہی اہم معاملے پر مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ میں ڈیڈک چیئر مین کوہاٹ، ممبر صوبائی اسمبلی حلقہ PK92 کوہاٹ ہوں۔ کچھ دن قبل مجھے اربن ایریا ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کوہاٹ کے ملازمین اور کوہاٹ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے مکینوں کی شکایات موصول ہوئیں تو میں حال ہی میں نو تعینات ڈائریکٹر UADA جناب عبدالکبیر کو مسلسل دو تین دن فون کرتا رہا مگر اس نے کئی بار فون نہیں اٹھایا جب اٹھایا تو میں نے اسے اپنے ڈیڈک آفس ملنے بلایا تو اس نے نہ ملنے کے لیے بہانہ کیا۔

یہ کہ انہیں شکایات کے سلسلے میں مورخہ 04/8/25 بروز پیر کو علاقہ کا ایک وفد مجھ سے ملنے میرے دفتر آیا انکی شکایات کے ازالہ کے لیے میں نے ڈائریکٹر UADA جناب عبدالکبیر کو فون کیا اور مجھ سے ملنے میرے ڈیڈک آفس آنے کا کہا تو موصوف نے مصروفیت ظاہر کی اور بعد میں آنے کا کہا کچھ دیر بعد میرے پرسنل سیکریٹری نے اس کو فون کیا تو اس کو بھی بہانہ کیا اور نہیں آئے حالانکہ میرے دفتر سے اسکا دفتر صرف 100 میٹر کے فاصلے پر ہے مگر پھر بھی وہ نہیں آئے مجھ سے نہیں ملے تو میں خود مورخہ 04/8/25 کو بوقت تقریبا دن ڈیڑھ بجے سائلین اور علاقہ معززین کے ہمراہ انکے دفتر چلا گیا جہاں پہنچنے پر ڈائریکٹر صاحب کو عدم موجود پایا پتہ کرنے پر پتہ چلا کہ موصوف ریسٹ ہاؤس میں ہے جن سے ملنے ریسٹ ہاؤس گیا تو دیکھا کہ دوستوں کیساتھ آرام فرما رہے تھے جبکہ ریسٹ ہاؤس میں کچھ غیر سرکاری اور پرائیویٹ لوگ بھی ایئر کنڈیشن کمرے میں آرام فرما رہے تھے ڈائریکٹر صاحب مجھ سے ملے تو میں نے ان کے سامنے سائلین کے مسائل رکھے اور شکایت کی کہ میرے بار بار فون کرنے پر آپ فون نہیں اٹھاتے اور بلانے پر میرے دفتر بھی نہیں آئے تو موصوف نے متکبرانہ انداز میں جواب دیا کہ میں کسی ایم پی اے ایم این اے کی کال پر کسی کے نہ دفتر جاتا ہوں اور نہ ہجرے جاتا ہوں اور نہ فون کال پر کسی کی بات سنتا ہوں۔ اگر کسی ایم پی اے کو مجھ سے بات کرنی ہے تو میرے دفتر آکر کرے اور اگر ملنا ہو تو مجھے لیٹر کرے اور میرے دفتر آکر ملے جس پر میں نے کہا کہ میں بحیثیت ڈیڈک چیئر مین آپ کو اپنے دفتر بلا رہا تھا مگر اس نے ایک نہ سنی اور بدتمیزی کرتا رہا اور جارحانہ رویہ اپنائے رکھا اور ساتھ میں یہ الزام بھی لگایا کہ تم اور سابقہ ڈائریکٹر نے اتھارٹی کا بیڑہ غرق کر کے رکھ دیا حالانکہ سابقہ ڈائریکٹر کی کارکردگی سے اہلیان مطمئن تھے اس موقع پر میرے ساتھ میرے سٹاف کے لوگ اور علاقہ معززین بھی موجود تھے موصوف کا ان کے سامنے میرے ساتھ یہ رویہ انتہائی نامناسب اور معتبرانہ و متکبرانہ تھا جس سے میری بے عزتی ہوئی اور نہ صرف میرا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا مذکورہ ڈائریکٹر کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کی جائے اور سزا دی جائے۔

PRIVILEGE MOTION
Session No. 9th
Notice No 25
Received Time 10:30
Received Date 18/8/2025
From Mr/Ms شفیع اللہ MPA
Receiver Sign [signature]

شفیع اللہ جان (ڈیڈک چیئر مین کوہاٹ، ایم پی اے حلقہ PK92 کوہاٹ

[signature] 15-8-25